سوال

(177)کیا بغیر وضو کے قرآن کو چھوا جا سکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا آدمی بغیر وضو کے قرآن کو چھو سکتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کا جواب بعض اہل علم کے ہاں نفی میں ہے اور بعض کے ہاں اثبات میں بہتر یہی ہے کہ قرآن مجید کو باوضوء ہو کر چھوئے۔
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نہ چھوئے قرآن کو مگر پاک۔'' (مؤطا امام مالک، کتاب القرآن، باب الامر بالوضوء لمن مس القرآن، حاکم ۱ ۳۹۵۔۳۹۷)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص